ہفت روزہ
الجمعیۃ
نئی دہلی
جلد ۱۵ شمارہ ۳۹ ، ۲۷ ستمبر تا ۳ اکتوبر ۲۰۰۲ء ، ۱۹ تا ۲۵ رجب المرجب ۱۴۲۳ھ

## مسلمانوں کے دستوری حقوق کے تحفظ کے لئے

## جمعیۃ علماء ہند کے زیر اہتمام پرامن

# ملک و ملت بچاؤ تحریک وقت کی اہم ضرورت

### اندھی، گونگی اور بہری باجپئی حکومت کو جگانے کے لئے جمعیۃ علماء ہند کی یہ تحریک انشاء اللہ اس کے لئے تازیانۂ عبرت ثابت ہوگی ـــــ محمد سالم جامعی

[illegible]

> یہ حقیقت سب کو معلوم ہے کہ ہندو راشٹر کا آر ایس ایس کا خواب اس وقت تک کبھی بھی پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا جب تک اس ملک میں اقلیتیں موجود اور ان کے دستوری حقوق محفوظ ہیں اس لئے سنگھ پریوار چاہتا ہے کہ ملک سے اقلیتوں کو ختم کر دیا جائے

[illegible]

# بحرالکاہل

# جہاں اسلام اور مسلمانوں کے لئے بہتر مواقع موجود ہیں

بحرالکاہل میں مسلم برادری کو دو حصوں میں منقسم کیا جا سکتا ہے۔ ایک پرانے تارکین وطن اور دوسرے نئے تارکین وطن۔ پرانے تارکین وطن فجی میں ایک موثر اور فعال برادری کے قیام میں کامیاب رہے لیکن آسٹریلیا میں انہیں اس کوشش میں ناکامی ہوئی۔ نئے تارکین وطن نے آسٹریلیا میں اپنی منظم مربوط فعال و موثر تنظیم قائم کی اور اس کے اثرات بحرالکاہل کے دوسرے ملکوں میں بھی پھیلایا۔ بحرالکاہل میں مسلمانوں نے اپنے آپ کو چھ برادریوں کی صورت میں منظم کیا ہے۔ آسٹریلیا، فجی، نیوزی لینڈ، نیو کیلیڈونیا، پاپوا نیو گنی اور ٹونگا۔ مسلمانوں کو باہمی منظم مربوط کرنے کی کوششیں اب بحرالکاہل کی دوسری ریاستوں میں بھی شروع ہو چکی ہیں۔ فجی میں مسلمان سب سے زیادہ منظم و مربوط حالت میں ہیں۔ [illegible]

[illegible] (RISEAP) [illegible]

## بحرالکاہل کے چند چھوٹے ممالک

**پاپوا نیو گنی:** [illegible]

**سلومن آئی لینڈز:** [illegible]

**مغربی ساموآ:** [illegible]

**فرانسیسی پولی نیشیا:** [illegible]

**وانواٹو:** [illegible]

**یونائیٹڈ ٹرسٹ ٹیریٹری آف پیسفک آئی لینڈز:** [illegible]

**گوام:** [illegible]

**ٹونگا کنگڈم:** [illegible]

[illegible]

## بقیہ: ملک و ملت بچاؤ تحریک وقت کی اہم ضرورت

ص۱ سے

[illegible]

### دہلی حسن بخش کی مجلس منتظمہ کی نئی تشکیل

دہلی کے ایک سو پچپن (۱۵۵) سالہ [illegible]

[illegible]

## اے مرد مسلمان قبلۂ اول کی خبر لے

نتیجۂ فکر: حکیم ناظم عباس

[illegible]

### دشمن اسلام امریکہ

[illegible]

### اسامہ اور بش

[illegible]

ہفت روزہ **الجمعیۃ** نئی دھلی

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

# مایاوتی کی قلابازی

دلت مفادات، اقلیتوں کا تحفظ اور سنگھ پریوار کے آگے نہ جھکنے کا دعویٰ کرنے والی اترپردیش کی وزیر اعلیٰ مس مایاوتی نے آخر کار اپنی کرسی بچانے کی خاطر سنگھ پریوار کے سامنے گھٹنے ٹیک ہی دیئے۔

اجودھیا کے بارے میں آٹھ ہفتوں کے اندر دوبارہ نوٹیفکیشن جاری کرنے کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے نیا نوٹیفکیشن جاری کرنے کی بجائے مس مایاوتی نے صاف اعلان کر دیا ہے کہ وہ اس سلسلہ میں کوئی نوٹیفکیشن جاری کرنے کا ارادہ نہیں رکھتیں۔ مس مایاوتی نے انتہائی ڈرامائی انداز میں اعلان کیا کہ ۶ دسمبر ۱۹۹۲ء کو بابری مسجد انہدام کے ماخوذ ملزمین لال کرشن اڈوانی، مرلی منوہر جوشی اور اوما بھارتی وغیرہ کے خلاف ان کی حکومت کوئی نیا نوٹیفکیشن جاری نہیں کرے گی۔ اس لیے کہ اس معاملہ پر اب دس سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے اس موقف سے سپریم کورٹ کو بھی آگاہ کر دیا ہے۔ مس مایاوتی نے "عذر گناہ بدتر از گناہ" کے مصداق یہاں تک کہہ دیا کہ یہ معاملہ سی بی آئی کے پاس ہے اور یہ اسی کا کام ہے کہ وہ بابری مسجد انہدام کے ملزموں کے خلاف اس معاملہ سے متعلق قائم خصوصی عدالتوں میں مقدمات دائر کرے۔ مس مایاوتی نے اپنی حکومت کی اس رائے کا بھی اظہار کیا ہے کہ بابری مسجد سے متعلق مقدمات فیض آباد کی عدالت میں چلنے چاہئیں کیونکہ اجودھیا اسی ضلع کی عدالت کے دائرے میں آتا ہے۔ مس مایاوتی نے دوبارہ نوٹیفکیشن جاری نہ کرنے کے لیے یہ جواز بھی پیش کیا ہے کہ چونکہ سپریم کورٹ میں علیحدہ سے اس سلسلہ میں کوئی مقدمہ بھی دائر نہیں کیا گیا ہے اور سپریم کورٹ کی حالیہ ہدایت صرف ایک شخص کی نجی پٹیشن پر ہے اس لیے اسے ہدایت نہیں بلکہ صرف مشورہ کہا جاسکتا ہے اور اس مشورہ کے تعلق سے حکومت نے اپنے موقف سے سپریم کورٹ کو مطلع کر دیا ہے۔

مس مایاوتی نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے اس فیصلہ کا مقصد کسی کو بچانا نہیں ہے اور نہ ہی وہ ان مقدمات کو واپس لینا چاہتی ہے اور اس سلسلہ میں بی ایس پی اور اس کی حکومت کا موقف بالکل صاف اور واضح ہے کہ اجودھیا کے تعلق سے عدالت جو بھی فیصلہ دے گی وہ اس پر عمل کرے گی۔ تاہم ان کی حکومت اس بات کے خلاف ہے کہ کسی اہم شخص کے خلاف الزامات کی سماعت کے لیے کوئی خصوصی عدالت قائم کی جائے ان کی حکومت کی رائے ہے کہ ہر شخص کے خلاف عام عدالتوں میں ہی مقدمات چلائے جانے چاہئیں کیونکہ قانون کی نظر میں سب برابر ہیں اور قانون و انصاف کی بالادستی کے لیے پہلے ہی ایک عدالتی نظام موجود ہے۔

مس مایاوتی نے نوٹیفکیشن دوبارہ جاری نہ کرنے کے بارے میں جو کچھ کہا ہے اسے ہم "عذر گناہ بدتر از گناہ" سے ہی تعبیر کرسکتے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ مایاوتی نے جو قدم اٹھایا ہے وہ صرف بی جے پی کے دباؤ میں ہی اٹھایا ہے۔ بی جے پی جولائی کے آخر سے ہی مایاوتی پر یہ دباؤ بناتے ہوئے تھی کہ وہ سپریم کورٹ کی ہدایت کے مطابق کوئی نیا نوٹیفکیشن جاری نہ کرے تاکہ اس کے لیڈر خاص طور پر مرکزی وزیر داخلہ اور نائب وزیر اعظم مسٹر لال کرشن اڈوانی، وزیر برائے فروغ انسانی وسائل مسٹر مرلی منوہر جوشی اور وزیر کوئلہ مس اوما بھارتی ملزموں کے کٹہرے سے باہر نکل سکیں۔ مس مایاوتی کو بھی بہت اچھی طرح معلوم ہے کہ بی جے پی کی حمایت پر ہی اس کی حکومت ٹکی ہوئی ہے اور اگر اس نے حمایت واپس لے لی تو اس کا اقتدار کا محل ریت کے ذرّوں کی مانند ٹوٹ پھوٹ کر ختم ہو جائے گا اور چونکہ اقتدار مایاوتی کا ایک نکاتی ایجنڈا ہے اس لیے ظاہر ہے وہ اپنے اقتدار کو بچانے کے لیے کسی بھی حد تک جاسکتی ہیں۔

مایاوتی نے اپنی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے جہاں بابری مسجد کی شہادت کے لیے بی جے پی لیڈروں کو کلین چٹ دیتے ہوئے یہ کہا کہ "بابری مسجد کو کچھ سماج دشمن عناصر نے گرایا تھا" وہیں انھوں نے اپنی عادت کے مطابق اس کے لیے کانگریس اور سماجوادی پارٹی کو بھی ذمہ دار قرار دے کر اپنے اس نظریہ کو ظاہر کر دیا ہے کہ ان کے لیے مذہبی غیر جانبداری اور سیکولرزم کی کوئی حیثیت نہیں ہے بلکہ ان کی آخری منزل اقتدار اور صرف اقتدار ہے ورنہ اس حقیقت سے کون انکار کرسکتا ہے اور ملک کے عوام ابھی تک مایاوتی کی ان تقریروں کو نہیں بھول پائے ہیں جن میں وہ بی جے پی اور اس کے لیڈروں کو بابری مسجد انہدام کیلئے ذمہ دار قرار دیتی رہی تھیں۔

مایاوتی کی طرف سے بی جے پی کی اس حمایت سے ان کا اقتدار تو کسی خطرہ سے بچ جائے گا لیکن یہ بات صاف طور پر کہی جاسکتی ہے کہ آج ان کے سامنے دلتوں کا کوئی مفاد ہے نہ اقلیتوں کا تحفظ ان کے لیے کوئی معنی رکھتا ہے اور نہ ہی اپنی اصول پسندی کا دعویٰ ان کے پاس رہ گیا ہے ان کے سامنے صرف کرسی اور اقتدار ہے جس کے لیے وہ کسی بھی حد تک جاسکتی ہیں۔ مایاوتی کی اس اچانک قلابازی نے اس کے اس دعوے کی بھی پول کھول دی ہے کہ وہ اپنی مرضی سے حکومت چلا رہی ہیں اور بی جے پی ان کی طرف دار جماعت ہے۔ ☐

# جواھر القرآن

سورہ ھود : ۱۱
ترجمہ آیات : ۸۴-۹۰

حضرت شیخ الھند

○ اور مدین کی طرف بھیجا ان کے بھائی شعیب کو بولا اے میری قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا معبود اس کے سوائے اور نہ گھٹاؤ ماپ اور تول کو (ف۱) میں دیکھتا ہوں تم کو آسودہ حال اور ڈرتا ہوں تم پر عذاب سے ایک گھیر لینے والے دن کے (ف۲)

○ اور اے قوم پورا کرو ماپ اور تول کو انصاف سے (ف۳) اور مت گھٹا دو لوگوں کو ان کی چیزیں (ف۴) اور مت مچاؤ زمین میں فساد (ف۵)

○ جو بچ رہے اللہ کا دیا وہ بہتر ہے تم کو اگر ہو تم ایمان والے (ف۶) اور میں نہیں ہوں تم پر نگہبان (ف۷)

○ بولے اے شعیب کیا تیرے نماز پڑھنے نے تجھ کو یہ سکھایا کہ ہم چھوڑ دیں جن کو پوجتے رہے ہمارے باپ دادے یا چھوڑ دیں کرنا جو کچھ کرتے ہیں اپنے مالوں میں تو ہی ہے بڑا باوقار نیک چلن (ف۸)

○ بولا اے قوم دیکھو تو اگر مجھ کو سمجھ آ گئی اپنے رب کی طرف سے اور اس نے روزی دی مجھ کو نیک روزی (ف۹) اور میں یہ نہیں چاہتا کہ بعد کو خود کروں وہ کام جو تم سے چھڑاؤں (ف۱۰) میں تو چاہتا ہوں سنوارنا جہاں تک ہو سکے اور بن آنا ہے اللہ کی مدد سے اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میرا رجوع ہے (ف۱۱)

○ اور اے قوم نہ کمائیو میری ضد کر کے یہ کہ پڑے تم پر جیسا کچھ کہ پڑ چکا قوم نوح پر یا قوم ہود پر یا قوم صالح پر اور قوم لوط تو تم سے کچھ دور ہی نہیں (ف۱۲)

○ اور گناہ بخشواؤ اپنے رب سے اور رجوع کرو اس کی طرف البتہ میرا رب ہے مہربان محبت والا (ف۱۳)

**فوائد:** —————— **علامہ شبیر احمد عثمانی**

ف۱ یہ قصہ بھی سورۂ "اعراف" میں گزر چکا۔

ف۲ یعنی خدا نے فراخی اور آسودگی عنایت کی اس کا [illegible] یہ نہیں کہ [illegible] آسائش و خوشحالی سلب ہو کر [illegible] عذاب مسلط نہ کر دیا جائے۔

ف۳ یعنی اب تک جو ظلم و عدوان کا معیار [illegible] اس کی اصلاح کرو۔

ف۴ یعنی صرف ماپ تول میں نہیں بلکہ کسی چیز میں لوگوں کے حقوق تلف مت کرو۔

ف۵ یعنی شرک و کفر سے [illegible] اور دوسری طرف اتلاف حقوق اور ظلم و ستم کر کے زمین میں فساد مت مچاؤ [illegible]

ف۶ ایک ایماندار کے لیے [illegible] حقوق ادا کر کے [illegible] بہتر ہے [illegible]

ف۷ یعنی میں نے نصیحت کر دی [illegible]

ف۸ [illegible]

ف۹ [illegible]

ف۱۰ [illegible]

ف۱۱ [illegible]

ف۱۲ [illegible]

ف۱۳ [illegible]

# ہرت پردیش کا اجیت سنگھ کا خواب
# مایاوتی نے چکنا چور کر دیا

وزیر اعلیٰ مایاوتی کے لیے مرکزی وزیر زراعت اور راشٹریہ لوک دل کے صدر اجیت سنگھ پریشانی کا سبب بنے ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اتر پردیش میں کام کاج کو ٹھیک سے چلانے کے لیے ایک رابطہ کمیٹی بنائے جانے کو کہا۔ مایاوتی حکومت میں لوک دل بھی شامل ہے۔ رابطہ کمیٹی کے معاملے پر بی جے پی کے ساتھ بھی لوک دل کا جھگڑا ہوتا رہا ہے۔ لیکن معاملہ سلجھ نہیں سکا حالانکہ مایاوتی نے کچھ دن قبل کہا تھا کہ رابطہ کمیٹی تو پہلے سے ہی ہے اس کی ایک میٹنگ بھی ہوئی ہے۔ مشترکہ حکومت میں شامل سبھی پارٹیوں کے نمائندے اس کے ممبر ہیں لیکن یہ بھی سچ ہے کہ مایاوتی کی قیادت میں بنی اس رابطہ کمیٹی پر خود بی جے پی میں کافی ہراسانی رہی ہے۔ راشٹریہ لوک دل کے صدر کے ہمراہ مایاوتی کے جواب پر صوبائی صدر نے کچھ بھی تبصرہ نہیں کیا۔

لیکن بات یہیں ختم ہوتی نہیں دکھائی دی۔ بی ایس پی۔ بی جے پی حکومت کی تشکیل کے ساتھ ہی رابطہ کمیٹی بنی تھی اس کی پہلی میٹنگ ۲۲ مئی کو ہوئی تھی ۲۲ مئی کو اس کی میٹنگ ہوئی اور حکومت میں شامل پارٹیوں کی رضامندی سے کم سے کم مشترکہ پروگرام بنا جس میں ریاست کی ترقی، قانون کی حکمرانی، دلت پسماندہ اقوام اور مذہبی اقلیتوں پر خاص توجہ دی گئی تھی اور ایک دن بعد بی جے پی کے اس وقت کے صدر کلراج مشرا اور بی ایس پی کے اس وقت کے ریاستی صدر دادا اور اجیت سنگھ سروج اور جنتا دل کے صدر سریش ترپاٹھی کو کمیٹی سے باہر کر دیا اور کہا تھا کہ رابطہ کمیٹی میں پارٹیوں کے صدور کی ضرورت نہیں ہے۔ اس میں اس بات کی بھی وضاحت کی گئی کہ کس پارٹی کی قیادت کون کرے گا۔ اس کا فیصلہ مایاوتی کریں گی۔

مایاوتی نے اس کے بعد ۱۲ جون کو کہا تھا کہ رابطہ کمیٹی کا ابھی تک تنازعہ کی کوئی وجہ ہی نہیں ہے اسی طرح انھوں نے بلکہ سے تازہ کو ختم دے دیا ہے۔ دراصل وزیر اعلیٰ نے پرانے تنازعہ کو نیا انداز دیا ہے۔ ان میں وزیر برائے شہری ترقی لال جی ٹنڈن، وزیر تعلیم اوم پرکاش سنگھ (دونوں بی جے پی) دیبی، ایجوکیشن منسٹر (راشٹریہ لوک دل)، لوک تانترک کانگریس کے لیڈر [illegible] کے مطابق [illegible] کے مطابق رابطہ کمیٹی [illegible] بی جے پی کو وزیر برائے پارچہ اور ہریانی امور [illegible] سنگھ دیو راج بھر (بی ایس پی) وزیر برائے [illegible] شیام سندر شرما اور جنتا دل (متحدہ) کے لیڈر [illegible] بھی ہیں۔ کمیٹی کی صدر مایاوتی ہیں۔

کمیٹی کی میٹنگ عرصہ سے نہیں ہوئی ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ اجیت سنگھ نے رابطہ کمیٹی کی میٹنگ کی ضرورت محسوس کی اس طرح سے انھوں نے [illegible] ہرت پردیش کے لیے ایک [illegible] اور یہ کہ جب انتخابات ہونے تھے تو کئی پارٹیوں نے ہرت پردیش بنانے کی تجویز کی حمایت بھی کی تھی اسی طرح [illegible] کام [illegible] کی [illegible] ہے۔ پہ کہنے کی [illegible] اس کا بہتر استعمال ہو گا انھوں نے یہ بھی کہا کہ اس وقت ملک اور پارٹی کی ترجیح [illegible] مناسب نہیں ہے کہ کوئی کسان منڈی [illegible] کمیٹی بنے ہیں۔

اجیت سنگھ اور ان کی پارٹی دراصل یہ کہ ہرت پردیش بنانا اس کے انتخابی منشور کا ایک حصہ ہے۔ راشٹریہ لوک دل بی جے پی اور مایاوتی حکومت کی حمایت سے چل رہی ہے۔ ریاست کی بی ایس پی۔ بی جے پی حکومت میں راشٹریہ لوک دل کے ۱۴ ممبر اسمبلی ہیں۔ مقدمہ [illegible] پہ جھگڑا ہو گیا لیکن حکومت کے ٹوٹنے کے بعد سے اب تک [illegible] ہیں۔ جہاں تک اجلاس کے بعد ان کا [illegible] ہے اب رابطہ کمیٹی کے ہونے [illegible] اجیت سنگھ نے تمام موضوعات کی طرف وزیر اعلیٰ مایاوتی کی توجہ مبذول کرائی ہے۔ راشٹریہ لوک دل کے ممبران اسمبلی لیڈروں اور حامیوں کو کام کرنے کے لیے کسی ایسے موضوع کو اجاگر کرنا ضروری ہے۔ ایسی حالت میں اجیت سنگھ نے دراصل یہ ہرت پردیش کی تجویز اسمبلی میں پیش کرنے کے لیے اسپیکر سے درخواست کی اجازت نہیں دی اس لیے معاملہ میں کوئی خاص پیش رفت نہیں ہو سکی ہے۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ اجیت سنگھ اپنا ہرت پردیش کے دیرینہ مطالبہ کو تسلیم کرانے کے لیے کون سی حکمت عملی اپناتے ہیں۔ □□

## ہرت پردیش کے قیام تک ہماری تحریک جاری رہے گی

### لوک دل کے لیڈر وزیر زراعت مسٹر اجیت سنگھ کا انٹرویو

■ ریاستی تقسیم کی تجویز پر بی ایس پی۔ بی جے پی نے ساتھ کیوں نہیں دیا؟

■ دونوں پارٹیاں چھوٹی ریاستوں کے قیام کی حامی ہونے کا اعلان کرتی رہی ہیں۔ خود وزیر اعظم اور وزیر داخلہ ہرت پردیش کی حمایت کا اعلان کر چکے ہیں۔ اسمبلی انتخابات میں ان پارٹیوں کے امیدواروں نے ووٹ ہرت پردیش کی مانگ کی حمایت کا وعدہ کرتے ہوئے ووٹ مانگے تھے کچھ مجبوریاں رہی ہوں گی اسی وجہ سے بی جے پی نے حمایت نہیں کی۔ بی جے پی مجبوریوں سے گھری ہے۔ اسمبلی میں تجویز لانے سے پھر اس موضوع پر بحث شروع ہو گی ہے ہرت پردیش ایک تحریک ہے جو اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ریاست کی تقسیم نہ ہو جائے۔

■ بی جے پی اور بی ایس پی کی کیا مجبوری ہو سکتی ہے؟

■ یہ تو ان پارٹیوں کے لیڈر ہی بتا سکتے ہیں کہ تجویز آنے سے سب سے زیادہ اعتراض کن کو ہے۔ بی ایس پی میں رہی۔ مشرقی یوپی کے ایک ایم ایل اے نے تو حامی ممبران اسمبلی کی میٹنگ تک بلائی۔

■ ہرت پردیش کی بحث سے لوک دل کے دونوں وزیر الگ کیوں رہے؟

■ بجٹ سے پہلے دن وہ دونوں رات تک ایوان جاری رہا۔ اسپیکر تجویز پر ووٹنگ نہ کرانے کا اشارہ دے چکے تھے اگر ووٹنگ ہوتی تو دونوں وزیر تجویز کے حق میں ہی ووٹ ڈالتے۔ ویسے اس موضوع پر ساری پارٹیاں بے نقاب ہوئی ہیں۔ دراصل سماج وادی پارٹی کے صدر ملائم سنگھ یادو نے اس موضوع پر حکومت توڑنے کی سازش رچی تھی۔

■ انتخابات سے پہلے آپ نے کہا تھا کہ وزیر اعلیٰ کے لیے جو آر ایل ڈی کی حمایت دے گا وہ اسمبلی کے پہلے اجلاس میں ہی ہرت پردیش کی تشکیل کی تجویز لانے کا وعدہ کرے گا اس بات کا کیا ہوا؟

■ جمہوریت میں حکومتی فیصلے کا احترام ضروری ہے جو پارٹیاں ایک دوسرے کے خلاف لڑیں آج حکومت کی معاون ہیں دوسری پارٹیوں کی طرح لوک دل کی بھی کچھ مجبوریاں ہیں لیکن یہ طے ہے کہ ہرت پردیش کی تحریک جاری رہے گی۔

■ آپ ریاستی حکومت کے کام سے مطمئن ہیں یا مرکز کی طرح ریاست میں بھی کم سے کم مشترکہ پروگرام کے لیے رابطہ کمیٹی والی بات ہونی چاہیے۔

■ ابھی کچھ کہنا جلد بازی ہو گی لیکن مطمئن نہیں ہو سکتا کام کاج میں رہ کر بہت سے معاملات کی جانکاری ہوئی ہے۔ چاول پالیسی بھی ہونی چاہیے حکومت تشکیل کے وقت لوک دل نے بھی ایک [illegible] کی بی جے پی اور بی ایس پی اس کی خواہش مند نہیں ہیں۔

■ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ ہرت کا مطلب دراصل بات کی جو پہلے چاول کے [illegible] لوک دل نے حکومت پر دباؤ بنانے کی کوشش تو کی لیکن اس کو کامیابی نہیں ملی؟

■ کسانوں کو گنا کی قیمت کا مطلب مناسب ہونا چاہیے ریاست کے بجٹ میں حکومت نے ۳۳ کروڑ روپیہ کا انتظام کیا ہے جس سے ادائیگی کی جا سکتی ہے۔

■ جس طرح کی وزیر اعلیٰ سے اپیل ہے کانگریس صدر سونیا گاندھی کے غیر ملکی ہونے کے مسئلے کو اجاگر کرنے سے فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ کیا لوک دل کی کیا رائے ہے؟

■ یہ پوری طرح سے انتخابی موضوع ہے لیکن لوک دل ان مسئلوں میں الجھ کر ریاست کی ترقی سیاسی انتظام کے خاتمے کو اہم سمجھتی ہے۔ □□

## احسان جعفری کی بیٹی نسرین اپنے گھر کو دیکھنے کا حوصلہ نہیں کر پائی

مجھے نہیں پتہ تھی، یہیں میری شادی ہوئی اور میرے بچے بھی یہیں پیدا ہوئے یہ میرا گھر ہے، دیکھئے اس کی کیا حالت ہے۔ یہاں آنے کے بعد یہ یقین کرنے کو دل نہیں چاہتا کہ یہ سب کچھ اپنے شہر میں اور آپ کے اپنے گھر میں ہوا ہے۔

سابق کانگریسی ایم پی مرحوم احسان جعفری کی بیٹی نسرین حسین دکھ کے ساتھ احمد آباد میں گلبرگ سوسائٹی کے گھر کو دکھا رہی تھیں۔ انھیں کوئی مشکل نہیں ہے لیکن بہت کم لوگ ایسے ہیں جو اس دکھ کو سمجھ سکتے ہیں۔ جس دکھ سے نسرین گزر رہی ہیں جب یہ قیامت گزری تو وہ امریکہ میں تھیں یہاں ان کے والد کو ایک ہجوم نے گھیر کر جلا ڈالا اور وہ پولیس کو مدد کے لیے بلاتے رہ گئے۔

نسرین آج کل احمد آباد میں ہیں اور ۲۸ فروری سے ہندوستان کے بہتر کے لیے تیار [illegible] ہندوستانیوں کے ساتھ وہ گجرات میں احمد آباد جانے کے لیے یہاں آئی ہیں وہ گزشتہ چار برسوں سے امریکہ میں ہیں۔ ان کے شوہر ڈاکٹر حسین نے یہاں سے جانے سے پہلے فزیکل ریسرچ لیبارٹری میں کئی سال کام کیا۔ ۲۸ فروری کو جو کچھ ہوا تھا اس کے بعد سے وہ دوسری مرتبہ یہاں آئی ہیں لیکن وہ گلبرگ سوسائٹی میں جا کر وہاں گھر دیکھنے کی ہمت نہیں کر سکیں۔

نسرین نے توجہ ظاہر کی کہ وہ غیر ریاستی ہندوستانیوں کی ٹیم کے ساتھ اپنا گھر دیکھ پائیں کی لیکن یہ بھلا لگ رہا ہے میں ہمیشہ سوچتی تھی کہ میں بہت مضبوط ہوں لیکن اب پتہ نہیں کہ مجھے کیا ہو گیا ہے ان قتلوں کے بعد جب میں نے اپنی ماں کو دیکھا تو اسی طرح لگا کہ یہ صرف ایک ڈراؤنا خواب نہیں جس سے میں بیدار ہو جاؤں گی یہ سب حقیقت ہے اور وہ اصل میں ایسا ہی ہوا ہے۔

نسرین مسلسل کئی دنوں تک شہر میں گھومتی رہیں ہے انہیں محسوس ہوتا ہے کہ یہاں زیادہ کچھ نہیں بدلا ہے ان کا کہنا ہے کہ افسوس کی بات یہی ہے کہ وہی شہر ہے، آس پاس کے لوگ بھی وہی ہیں البتہ میرے گھر کے لوگ ویسے نہیں ہیں جیسے پہلے تھے۔

نسرین کے لیے سب سے زیادہ فکر کی بات ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان بڑھتی ہوئی دوری ہے۔ انھوں نے کہا "مجھے لگتا ہے کہ احمد آباد کے گھر جیسے مشرقی ٹیکسی کی طرح ہو گئے ہیں دونوں فرقوں کے درمیان دیوار کھڑی ہو گئی ہے ... جس کو [illegible] ہوتی جا رہی ہیں لوگوں میں بے غیرتی کا جذبہ کا اور ارادہ ہو رہا ہے۔"

ان کے خاندان کے ساتھ جو ہوا اس کے باوجود نسرین کوئی کڑوا بیان ظاہر نہیں کرتیں، وہ کہتی ہیں کہ "میں حیرت زدہ ہوں جن بہت سے لوگوں سے میں ملی ہوں ان سب نے اس کے ہونے پر افسوس ظاہر کیا ہے جب میں ان کو بتاتی ہوں کہ میں کون ہوں تو وہ جذباتی ہو جاتے ہیں اور صرف تعلیم یافتہ لوگ ہی نہیں ہیں آٹو رکشا والے اور ٹیکسی والے بھی وہی تکلیف محسوس کرتے ہیں۔"

نسرین کہتی ہیں کہ وہ "احمد آباد اور گلبرگ سوسائٹی میں اپنے گھر کی یادیں اور بچپن کو [illegible] نہیں بھول سکتیں" وہ کہتی ہیں گھر کی طرف دور تک دیکھتے ہوئے چاند کی میں ایک پل کے ہرت والی اسکول تک گئے ہوئے چاند میں، وہ دن تھے جب میں نے کبھی خوف محسوس نہیں کیا میرے بچے جب جاتے تو آٹھ سال کے تھے تو میں ان کو کھانے کے لیے لے جاتی تھی اور اس وقت مجھے خوف کی کوئی فکر نہیں تھی۔ □□

### نعت پاک

مجیب بستوی

جلوہ شہر مدینہ سے کہاں ہوتا ہے
آپ کا تذکرہ شاہ مدینہ کر لیں
ختم سرکار کو اللہ سلامت رکھے
یارو اللہ کا مشتاق نظر پر ہے
لوگ کہتے ہیں کہ محبوب خدا ایسا ہے
ان کے احسان و کرم میں زندگی ہے یہ زندگی
دل تڑپتا ہے بلالِ حبشی کی خاطر
ان کی سیرت کا صدقہ ہے پورا حاصل

اشک رو رو کے مری آنکھ سے رواں ہوتا ہے
اس سے پُر نور ضیا بار جہاں ہوتا ہے
چاند سے پیارا ہے مرا جو معراج ہوتا ہے
آپ کے پیروں میں دو بہار جہاں ہوتا ہے
ان کے دربار میں جنت کا سماں ہوتا ہے
دل میں ان کے شہ پیامبر جہاں ہوتا ہے
جب بھی یاد آتے ہیں آنکھ رواں ہوتا ہے
ان کے انوار سے معمور سماں ہوتا ہے

دل پہ جب تک چشم کرم ہو کرم آپ کا ہے
آپ ہوتے ہیں جہاں ہر جگہ وہاں ہوتا ہے

میزان

# چہرہ پس چہرہ

عبدالحمید نعمانی

اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں عالمی اور ملکی سطح پر جو خیالات و تاثرات ظاہر کیے جا رہے ہیں، وہ وارے ہوئے ذہنوں کی پیداوار ہیں۔ منفی جارحانہ خیالات کا اظہار کرنے والے دلیل، انصاف سے کام نہیں لے رہے ہیں، بلکہ انہیں ہر وقت اسلام کے معقول نظریہ کی لہر میں بہہ جانے کا خوف لگا رہتا ہے۔ ہندوستان میں ہندوتو وادیوں اور مغربی، یورپی ممالک میں یہودیوں اور صیہونی طاقتوں کے زیر اثر حکومتوں اور تنظیموں کے پاس اسلام کے مقابلے میں پیش کرنے کے لیے کوئی ایسا پیغام نہیں ہے، جو انسان کے دل اور دماغ کو حقیقی، روحانی طور پر مطمئن کر کے بلندیوں کی سمت میں لے جا سکے۔ یہودیوں نے اپنی شناخت ایک سود خور، سرمایہ دار، نسل پرست، سازشی قوم کی حیثیت سے قائم کی ہے۔ جب کہ عیسائیوں نے دین خدا کو دین انسانی، بشر پرستی کے ساتھ انسانوں کو شخصیت پرستی کے جال میں پھنسا کر منتشر نظریے کی دلدل میں ڈال دیا ہے۔ ہندوتو وادیوں نے برہمن واد کو ہندوتو کا نام دے کر سماج کو ایسی دلدل میں پھنسا دیا ہے کہ سچ اور حقیقت کا رنگ دے کر اسے روح، اطمینان اور شائستگی کی بجائے نفرت و تقسیم کے حوالے کر دیا ہے۔ انسانوں کو اعلیٰ و ادنیٰ کے خانوں میں تقسیم کر دیا ہے، نہ انہیں روحانی تعلق سے کوئی ایسا اتحاد نظر نہیں آتا ہے، جہاں تمام انسانوں کی بات ہو اور خود اپنے سماج کے دیگر طبقات کے افراد کو اعلیٰ ہو سکے۔ برہمن واد جیسے بڑی ہوشیاری، چالاکی سے ہندوتو کا پیراہن کا نام دے دیا گیا ہے، کے لیے ہمیشہ ایک ایسے گروہ یا طبقہ کا ہونا ضروری ہے، جس سے برہمن وادی مختلف شکلوں میں اپنی نفرت و حقارت کا اظہار کر سکیں، جس سے ان کی انا پرستی و برتری کی تسکین ہوتی رہے۔ اس کے بغیر برہمن واد کے وجود کا کوئی جواز معلوم نہیں ہو پاتا ہے۔ جن ذاتوں اور پسماندہ جاتیوں اور قبائل کو اپنے پست مقاصد کے حصول کے لیے عیسائیوں، مسلمانوں، سکھوں کے قتل عام کے لیے، برہمن وادی استعمال کرتے رہتے ہیں، انہیں ملک کے مختلف حصوں میں نفرت و حقارت کے ساتھ قتل عام جیسی صورت کا سامنا کرنا

پڑتا ہے۔ دریجنوں کو دیشن دیے جانے کے اعلان و اقدام کے ساتھ ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ اس گجرات میں بھی انہیں قتل و غارت گری کا شکار ہونا پڑا، جہاں مسلمانوں کے قتل عام میں انہیں استعمال کیا گیا۔ ہزاروں سال سے ذات، جات پات اور سماجی اونچ نیچ میں یقین رکھنے والوں کے ظلم و بربریت کا نشانہ بنتے آئے ہیں، لیکن مسلمانوں کے ہندوستان میں آنے کے بعد برہمن وادیوں کی نفرت و حقارت تقسیم ہو کر ان کے حصہ میں بھی آئی۔ یہ المیہ ہے کہ تعلیم و تربیت کی کمی کی وجہ سے دلت اپنے دوستوں، دشمنوں کی شناخت میں دھوکہ کھاتے رہتے ہیں اور جنرل مشہور دلت لیڈر ایل آر نائک اور برہمن وادیوں کی سازشوں اور چالوں کا بار بار شکار ہو جاتے ہیں، جبکہ مسلمانوں نے انہیں کبھی نقصان پہنچانے کی کوشش نہیں کی، بلکہ مسلمانوں کی وجہ سے ہندو سماج میں دلتوں کی اہمیت میں اضافہ ہوا۔ لیکن انگریزوں، دلتوں اور دیگر پسماندہ جاتیوں و قبائل میں صحیح طور پر مثبت، مضبوط لیڈر شپ اور رابطہ قائم نہیں ہو سکا۔

یہ بڑی خوشی، آنحد اور امید افزا بات ہے کہ تاریخ میں ملک گیر تنظیم جمعیۃ علماء ہند کی کوششوں سے انجمنوں، دلتوں اور پسماندہ جاتیوں و قبائل کے ساتھ وطن پرست پارٹیوں، تنظیموں، رہنماؤں کا ایک محاذ تشکیل پا رہا ہے اور اس سلسلے میں

**یہ المیہ ہے کہ تعلیم و تربیت کی کمی کی وجہ سے دلت اپنے دوستوں، دشمنوں کی شناخت میں دھوکہ کھاتے رہتے ہیں اور برہمن واد کا شکار ہو جاتے ہیں**

متعدد ریلیاں اور کانفرنسیں دہلی، حیدرآباد، کلکتہ، چنئی (مدراس) بھاگلپور اور لکھنؤ میں منعقد ہو چکی ہیں۔ جمعیۃ علماء ہند کے صدر محترم مولانا سید اسعد مدنی اور جنرل سکریٹری مولانا سید محمود مدنی کی قیادت میں

انجمنوں، دلتوں کے اتحاد کی سمت میں کامیاب پیش رفت ہو رہی ہے۔ ۲۰/۲۱ ستمبر ۲۰۰۲ء کو مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کی میٹنگ اور نمائندہ اجتماع میں اقلیت، دلت محاذ کی تشکیل پر اور اپنے حقوق اور مطالبات کو تسلیم کرانے کے لیے تحریک سول نافرمانی چلانے کے لیے اتفاق رائے ہو گیا ہے۔ امید ہے کہ ان شاء اللہ جمعیۃ علماء ہند کی جدوجہد کے اچھے نتائج برآمد ہوں گے۔ موجودہ حالات کے تناظر میں یہ ذہن میں رہنا ضروری ہے کہ جب جب بھی کسی تحریک کو فرقہ پرست، برہمن وادیوں کی انصاف، مساوات، آئینی آزادی کے خلاف مہم ہو، امن اور آزادی کے ماحول میں دلتوں کا وجود بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے، اس لیے صیہونی اور برہمن وادی چاہتے ہیں کہ سماج میں بدامنی، انتشار، بحران اور شدت پسندی اور انسانی تفریق کا ماحول پروان چڑھے۔ جھوٹ اور باطل کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اسے امن و مساوات کا ماحول راس نہیں آتا ہے۔ مثال کے طور پر دیکھیں کہ امن کے ماحول میں مختلف صوبوں میں بی۔ جے۔ پی کی

کیا گئت بی دام جنم بھومی کی تحریک سے پہلے جبکہ فرقہ وارانہ کشیدگی نہیں تھی، تب کہاں کھڑی تھی۔ صیہونی، مغربی اور اشتراکی طاقتوں کی بیمار ماحول میں ہی بامقصد حالت ہو جاتی ہے، اس کے مد نظر ہی یہ طاقتیں مختلف عنوانوں کے تحت، جارحیت، شدت پسندی اور قتل و بربریت کا ناچ ناچتی ہیں۔ بی۔ جے۔ پی کو آر۔ ایس۔ ایس کی

رہنمائی میں ملک کے ہر صوبے میں ایک مودی کی حالت ہے۔ مرکز میں لال کرشن اڈوانی کو نائب وزیر اعظم بنانے اور یوپی میں ونے کٹیار جیسے فاشزم کے علمبردار، جارحیت و دہشت پسند کو یوپی اکائی کا پارٹی صدر بنانا، امن پسندی، انصاف پروری کے خلاف حتمی مہم کا ہی حصہ ہے۔ اس کو دیکھتے ہوئے کمزوروں، مظلوموں، محروموں اور امن و انصاف اور حریت اور مساوات پر یقین رکھنے والوں کے لیے چاہے وہ کسی بھی فرقے و مذہب سے متعلق رکھتے ہوں، ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ امن و انصاف کی فضا اور قانون و دستور کی بالادستی کی بقا کے لیے ہر ممکن کوشش کریں۔ امن، سیکولرازم اور جمہوریت کی صرف بات کرنے سے کام نہیں چلے گا، بلکہ فاشسٹوں کے خلاف متحد و منظم ہو کر سامنے آنا ہوگا، کیونکہ اقدام عمل کے مقابلے میں صرف زبانی باتوں کی کوئی اہمیت و افادیت نظر نہیں رہ جاتی ہے۔

گجرات میں گورو یاترا کے ذریعے بی جے پی اور فرقہ پرست عناصر ملک کی اکثریت کے سامنے جو پیغام دینا چاہ رہے ہیں، وہ انتہائی تشویشناک ہے۔ کانگریس قیادت والی سرکاروں، پنجاب، اترانچل، مدھیہ پردیش اور دہلی میں آر ایس ایس اور بی جے پی نظیم، وشو ہندو پریشد اور بجرنگ دل جیسی اشتعال انگیزی اور نفرت انگیز سرگرمیوں میں ملوث ہیں، وہ انتہائی تشویشناک ہیں۔ تو گڑیا اور اشوک سنگھل جیسے دوامن بھارت کی فضا کو خراب کر رہے ہیں، اس کینہ پن کے ساتھ اسلام اور مسلمانوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، اور گجرات کے حالات سے اسلام کا صفایا کر دینے کا کھلا اعلان اور اعتراف کر رہے ہیں ایک مہذب سماج میں اس کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ جیسا کہ پہلے بھی یقین تھا کہ انسانی اموات کے سوداگروں کے پاس سماج کو دینے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے۔ اب اس یقین میں مزید اضافہ ہو گیا ہے کہ ضمیر و ایمان سے خالی دل و دماغ و انسانیت کو ایک کھری ملامت کے سوا کچھ نہیں دے سکتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ یہ سوال ہر سب کے سامنے بھی آ جانا چاہیے۔ □□

گوشۂ روزگار

## فیشن ٹیکنالوجی میں عمدہ روزگار

موجودہ دور فیشن کا ہے، فیشن کے تئیں لوگوں میں بیداری تیزی سے پھیلتی رہی ہے۔ فیشن اب چند مغربی ممالک تک ہی محدود نہیں رہ گیا ہے، ہندوستان جیسے ترقی پذیر ملک میں اس کی مانگ بڑے شہروں سے ہوتے ہوئے چھوٹے شہروں اور قصبات کی طرف آ رہی ہے۔ سرکار کے ذریعہ چلائے جانے والے ادارے، جیسے این آئی ایف ٹی اور این آئی ڈی فیشن صنعت کے تربیت یافتہ پیشہ وروں کی بڑی مانگ کو پورا نہیں کر پاتے تھے، لیکن ملک میں آج بھی فیشن ٹکنیک کے میدان میں تربیت یافتہ پیشہ وروں کی کافی کمی ہے۔ نجی کمپنیوں کے ذریعے اس کمی کو پورا کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ حکومت نے ۱۹۸۶ء میں حکومت ہند کی

وزارت پارچہ بافی نے فیشن انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی نیویارک کے تعاون سے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی قائم کیا تھا۔

فیشن کیریئر کے طور پر آج ایک منافع بخش میدان تیار ہوا ہے اس میدان میں سب سے زیادہ روزگار کے امکانات ہیں۔ اس میں فیبرک ڈیزائنر، فیبرک اسسٹنٹ، رنگ ماہر، فیبرک ٹیکنالوجی، خام مال ماہر یا مرچنڈائزر، فیشن کوآرڈی نیٹر، کوالٹی کنٹرول آفیسر، فیشن تجزیہ نگار، فیشن شو آرگنائزر، فیشن ایجنسی ایگزیکٹو یا فیشن کنسلٹنسی کے پیشہ میں کیریئر شروع کر سکتے ہیں۔ اگر آپ میں فنی ذوق ہے اور آپ تصوراتی ہیں اور فیشن کے میدان میں آپ کی دلچسپی ہے تو آپ ہزاروں روپیہ خرچ کر کے کچھ دنوں میں اپنے اچھے مستقبل کی شروعات کر سکتے ہیں۔ کچھ دنوں تک تجربہ حاصل کر کے اپنا کاروبار شروع کیا جا سکتا ہے۔ ہندوستانی ملبوسات صنعت ہندوستان میں برآمد کیے جانے والے کل مال کے ۱۲ فیصدی حصہ پر قبضہ کیے ہوئے ہے، اس لیے اس میدان کے کیریئر میں دوسرے کیریئروں کی بہ نسبت زیادہ اضافہ کے امکانات ہیں۔ ایک فیشن ایگزیکٹو یا مرچنڈائزر کو ایک سیکھنے والے کے طور پر ابتدائی تنخواہ ۳۵۰۰ روپیہ تک مل جاتی ہے جو تین سال میں بڑھ کر سات ہزار سے آٹھ ہزار روپیہ تک ہو جاتی ہے۔ خاص تخلیقی صلاحیت والے افراد ایک ماہ میں ۲۰ سے ۲۵ ہزار روپیہ تک کما لیتے ہیں۔

اپنے ملک میں اس میدان میں تعلیم دینے والے ادارے بھی پھیلتے جا رہے ہیں۔ این آئی ایف ٹی، آئی آئی ایف ٹی، پرل اکیڈمی، ایس این ڈی ٹی جیسے ادارے ہیں، جہاں داخلہ ٹیسٹ اور انٹرویو کے بعد داخلہ ملتا ہے۔ پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما اِن ٹیکسٹائل کیمسٹری ایڈوانس ڈیزائننگ میں بھی تعلیم دی جاتی ہے۔

ہائر سیکنڈری اور گورنمنٹ سرٹیفکیٹ کے لیے گریجویٹ ہے۔

اس میدان میں بے پناہ امکانات کو دیکھتے ہوئے آج کے نوجوان خود کو صرف لباس سازی تک ہی محدود نہیں رکھنا چاہتے بلکہ اس سے آگے انڈسٹریل ڈیزائننگ، ٹیکسٹائل ویوننگ اور جیولری ڈیزائننگ میں بھی اپنے تصورات کو عملی شکل دینے کو تیار رہتے ہیں۔ زیادہ جانکاری کے لیے مندرجہ ذیل اداروں سے رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

- راشٹریہ فیشن ٹکنیک انسٹی ٹیوٹ، حوض خاص، این آئی ایف ٹی کیمپس، نزد گل موہر پارک، نئی دہلی
- پالی ٹیکنیک فار وومین، اے۔۳۰، رنگ روڈ، نئی دہلی
- اکیڈمی آف فیشن اسٹڈیز، پی-۳۰، گنگوتری، الکنندا، نئی دہلی
- سوفیا پالی ٹیکنیک، بھولا بھائی دیسائی روڈ، ممبئی
- نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ڈیزائن پالڑی، احمد آباد □□

# بہار کا ٹرین حادثہ

راجدھانی ایکسپریس کے ساتھ ۱۰ اور ۱۱ ستمبر کی درمیانی رات کو ہونے والا حادثہ ریل حادثوں کی تاریخ میں اب تک کے سب سے بڑے حادثوں میں ایک بتا جا رہا ہے۔ اس میں تقریباً ۱۵۰ سے زیادہ لوگ مارے گئے ہیں۔ بہار کے اورنگ آباد ضلع کے رفیع گنج اسٹیشن کے پاس آدھی رات کو حادثہ ندی پر بنے ہوئے ایک پرانے پل سے گزرتے ہوئے ہاوڑہ سے نئی دہلی آ رہی ۲۳۰۱ اپ راجدھانی ایکسپریس حادثہ کا شکار ہو گئی۔ اس گاڑی میں ۵۵۹ مسافر سوار تھے۔

جس وقت حادثہ ہوا ہاوڑہ۔ راجدھانی ایکسپریس ۱۳۰ کلومیٹر کی رفتار سے چل رہی تھی کہ دھاوا ندی پر حادثہ پیش آیا۔ پل سے گزرتے ہوئے اس کے ۱۳ بوگیوں میں سے ۸ ڈبے ندی میں گر گئے۔ ایک انجن اور تین ڈبے پل کو پار کر چکے تھے۔ اے سی ڈبے ندی سے ٹکرا گئے۔ اس میں ۳۰ لوگ سوار تھے۔ یہ ڈبے ندی کے کنارے پر گرے۔ جبکہ دو بوگیاں ایک دوسرے کے اوپر چڑھ گئیں۔ ایک کوچ پوری طرح پانی میں ڈوبا ہوا تھا۔

وزیر ریل نتیش کمار، بہار کی وزیر اعلیٰ رابڑی دیوی اور ریلوے کے سینئر افسران راحت کے کاموں کی نگرانی کرنے کے لیے پہنچے۔ حادثہ میں مارے گئے لوگوں کو ایک ایک لاکھ روپیہ، شدید طور پر زخمی لوگوں کو ۲۵۰۰۰ ہزار اور معمولی زخمیوں کو پانچ ہزار روپے دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ وزیر داخلہ لال کرشن اڈوانی نے اس سے انکار کیا ہے۔ اٹل بہاری واجپئی نے کہا کہ وزارت ریل کے سیکورٹی انتظامات میں لاپرواہی کی وجہ سے یہ حادثہ ہوا ہے۔ حادثہ ہوا۔ انھوں نے کہا کہ ریلوے کی سیکورٹی میں کافی کمی ہے لیکن اس کی مرمت کے لیے کوشش کی گئی۔ انھوں نے فوج اور مقامی انتظامیہ کے ذریعے کیے جا رہے کام کی تعریف کی۔

بہار میں ہونے والے اس حادثہ کے بعد نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر ہوا ہی کا ماحول تھا۔ اپنے رشتہ داروں کی خیریت جاننے کے لیے پریشان حال رشتہ دار اسٹیشن پر پہنچے۔ اس کے بعد بھی ان کے ساتھ ہی ان کے حصہ میں کچھ نہیں آیا۔ کئی لوگ ایسے تھے جو رات کو ریلوے اسٹیشن کی انکوائری پر رشتہ داروں کا حال جاننے کے لیے بھٹک رہے تھے۔ لیکن ریلوے کی جانب سے کوئی جواب نہیں ملا۔

